کتاب : متاع وقت اور کاروان علم تالیف : مولانا ابن الحسن عباسی
ناشر : مکتبہ عمر فاروق جامعہ فاروقیہ فیصل کالونی کراچی نمبر ۲۵

مولانا ابن الحسن عباسی صاحب زید مجدہ کو اللہ نے سیال و سحر طراز قلم اور انوکھے پر تاثیر تحریر سے نوازا ہے الحمد للہ آپ نے انتہائی قلیل مدت میں دنیائے ادب میں وہ مقام حاصل کیا۔ جس کے حصول کے لئے ایک عرصہ درکار ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ مختلف النوع موضوعات پر آپ کی کئی علمی و ادبی کاوشیں جو صحیفہ وجود پر جلوہ گر ہوئیں وہ ہاتھوں ہاتھ لی گئیں اور مشاہیر امت نے اس پر تحسین و آفرین کے پھول نچھاور کئے۔

زیر تبصرہ کتاب جس پر ہمارے بڑے اکابر نے جن کی وقیع آراء کا اظہار کیا ہے وہ اسکی مقبولیت کی ایک بین اور واضح دلیل ہے متاع وقت اور کاروان علم گوکہ ایک موضوع پر لکھی گئی کتاب ہے مگر یہی ایک موضوع اپنی تنوع و وسعت کے لحاظ سے بیسوں عنوانات پر محیط ہے۔ مصنف انتہائی داد و تحسین کے مستحق ہیں کہ انہوں نے گویا دریا بکوزہ اندر کے مصداق اس طویل الذیل اور وسیع المجال موضوع کو انوکھے انداز اور البیلے طرز میں سمیٹا ہے۔ جس کے مطالعہ سے انسان کو احسان زیاں کی شدت تڑپاتا ہے اور بار بار دل و دماغ پر اس کی نرالی تحریریں ضربیں لگاتی ہوئی آنکھیں نم آلود کرتی ہیں۔ اس کی کشش کا یہ عالم ہے کہ قاری اس کے مطالعہ میں محو ہو کر دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو کر ایک ملکوتی دنیا میں کھو جاتا ہے جو کہ ناشنائے حدود و ثغور۔ مضامین کی ندرت اشعار کے بر محل استعمال اور زبان و بیان کی چاشنی نے متاعِ وقت اور کاروانِ علم کو علمی ادبی اور تحقیقی دنیا میں ایک ارفع مقام سے نوازا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ مصنف کی یہی تحریریں کاوشیں جاری و ساری ہوں اور ایک عالم اس سے مستفیض اور مستیز ہو۔

کتاب : ماہنامہ الرشید لاہور زیر ادارت : مولانا عبد الرشید ارشد صاحب
اشاعت خصوصی سیرت النبیؐ اور غلامان محمدؐ سید ابو الحسن علی ندوی و محمد یوسف لدھیانوی شہید
ضخامت : ۴۹۶ قیمت : ۲۰۰ روپے پتہ : ۲۵ لوئر مال لاہور۔

محترم عبد الرشید ارشد صاحب مدیر الرشید کو اللہ تعالیٰ نے جو ہمت دی ہے وہ قابل رشک ہے۔ اس لئے کہ مختلف اوقات میں آپ نے الرشید کے جو ضخیم نمبرات نکالے ہیں کسی بھی دینی رسالہ کو اتنی توفیق ارزانی نہیں کی گئی۔ پھر تعجب خیز امر یہ ہے کہ اتنے عظیم اور صبر آزما کام کا بیڑا انہوں نے بغیر رفقائے کار کے تنہا اٹھایا ہے حالانکہ اس قسم کے ضخیم اور عظیم علمی و تاریخی نمبرات نکالنے کے لئے ایک ٹیم کی ضرورت